# Prairie-Hills Elementary School District

Today's Students ...Tomorrow's Leaders
PRAIRIE-HILLS
Elementary School District 144

3015 W. 163rd Street
Markham, Illinois 60428

COUNTRY CLUB HILLS • HAZEL CREST • MARKHAM • OAK FOREST

MRS. JULIA A. VEAZEY
ASSISTANT SUPERINTENDENT


محترم اہل خانہ،

ہمارا نصب العین اس امر کو یقینی بنانا ہے کہ ہمارے تمام طلباء کالج اور کریئر میں کامیاب ہونے کے لیے تیار ہیں۔ آپ کے بچہ کے لیے صحت مندانہ ترقیات اور کامیاب تعلیم کی اعانت میں ہم بطور شراکت داران آپ کی بہت قدر کرتے ہیں۔

ہم ACCESS 2.0 جانچ کا استعمال سال میں ایک بار زبان پر مبنی اعانتی خدمات کا تعین کرنے کے لیے کرتے ہیں۔ ACCESS 2.0 میں حال ہی میں الینوائے کے کالج اور کریئر کے لئے مستعد معیارات کے مطابق تبدیلی کی گئی ہے۔ الینوائے نے ان معیارات کو پورا کرنے کے لیے ACCESS 2.0 میں زبان کے استعمال کی توقعات میں اضافہ کیا ہے۔ اگرچہ جانچ کے سوالات کی دشواری کی سطح میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے، تاہم طلباء کو اب اسی سطح کی مہارت کے اسکور حاصل کرنے کے لیے اعلی تر زباندانی مہارتوں کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے کے 2017 کے لیے ACCESS 2.0 کے اسکور 2016 کے لیے ACCESS 2.0 کے اسکور سے کم ہوں، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کے بچے نے گزشتہ سال سے انگریزی میں کوئی پیش رفت نہیں کی ہے۔ 2017 کے اسکور زیادہ درستگی کے ساتھ انگریزی زبان کی ان مہارتوں کو دکھائیں گے جن کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت آپ کے بچے کو زبان پر مبنی خدمت سے باہر نکلنے کے لیے ہوگی۔ الینوائے کے معلمین کے ایک گروہ نے وسیع پیمانے پر ڈیٹا کا جائزہ لیا اور ای ایل درجہ بندی سے باہر نکلنے کے لئے ACCESS 2.0 کے 4.8 کے نئے جامع سکور پر پہنچے ہیں، جس کا اطلاق 2016-17 اسکولی سال سے ہوگا۔

حالانکہ انگریزی سیکھنے کے زباندانی اعانت کی خدمات کے موجودہ معیارات میں اضافہ کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ بعض طلباء کو ہوسکتا ہے کہ زیادہ مدت تک یہ خدمات موصول کرنی ہوگی، ہمیں یقین ہے کہ اس فیصلہ سے انگریزی سیکھنے والے طلباء کی تعلیمی کامیابی کے لیے بہتر تیاری ہوگی۔ یہ لنک ACCESS کے بارے میں مزید معلومات فراہم کرتا ہے:
https://www.wida.us/Assessment/ACCESS%202.0/documents/UnderstandingScores/WIDA_flyer_cut%20score%20parents.pdf. اگر آپ کے سوالات ہوں، تو براہِ مہربانی] سے رابطہ کریں۔ یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کا بچہ کالج، کریئر اور اس سے پرے کامیاب ہونے کے لیے اچھی طرح تیار ہے، ہم آپ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں۔

بصد خلوص واحترام،

Mrs. Julia A. Veazey
Assistant Superintendent


(708) 210-2888 • Fax (708) 362-5177